14/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کا روحانی ورثہ ایک ایسا بیش بہا اثاثہ ہے جو کہ جموں کشمیر کی مجموعی تعمیر و ترقی میں اخلاقی اور بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایل جی نے ان باتوں کا اظہار گاندھی میموریل کیمپ کالج رائے پور جموں میں سنگر مال میگزین کا خصوصی شمارہ اجرا کرنے کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔

ایل جی نے کہا کہ ہمارا ثقافتی اور روحانی ورثہ سماج کے تانے بانے کو جوڑے رکھنے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔

ایل جی ملاقات

جمو نکشمیر کے صدر Jain Sanghatna آل انڈیا جین کانفرنس کے قومی سیکرٹری اور بھارتیہ سندیپ جین نے کل لوک بھون جموں مینلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

وزیر اعلی

وزیر اعلی عمر عبداللہ نے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کے منتظر طلباءکے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ طلباءکی محنت اور لگن انہیں کامیابی کی نئی بلندیوں کو چھونے کی تحریک بخشے گی ۔

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے بھی طلباءکے لئے نیک تمنائیں ظاہر کی ہےں۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ درست بین شعبہ جاتی تحقیق کے ذریعے سرکار تمام طبقات تک اُن کی ضروریات کے مطابق پالیسیوں کو مرتب نیز منصوبوں کو عملی جامہ پہنا سکتی ہے۔ وزیر کل انڈین انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی جموں کے زیر اہتمام Mapping کے عنوان سے ایک ورکشاپ میں بطور خاص مہمان کی حیثیت سے شرکت Tribal Heritage جموں کے رول کو اجاگر کرتے IITکر رہے تھے وزیر نے قبائلی طبقے سے جڑی تحقیق میں ہوئے کہا کہ اس ادارے نے قبائلی طبقے کے ورثے اور ثقافت کو محفوظ رکھنے کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی طریقوں کو موثر طریقے پر عملایا ہے۔

ڈیری ڈیولپمنٹ

مشن ڈائریکٹر ڈیری ڈیولپمنٹ نریندر سنگھ بالی نے کسانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ماحول دوست طریقوں کو اپنا کر موسمیاتی تبدیلی پر قابو پانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وہ کل ضلع ادھمپور کا دورہ کر رہے تھے جس دوران انہوں نے علاقے میں مختلف فلاحی سکیموں اور ترقیاتی منصوبوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کی موثر عمل آوری سے ہی کسانوں کے روزگار کو دو گنا اور اُن کی سماجی واقتصادی صورتحال کو مثبت طریقے پر تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بعد میں ڈسٹرکٹ Veterinary اسپتال اور ماڈرن Hatchery کا معائنہ کر کے علاقے میں اس شعبے سے جُڑی ہنگامی خدمات کی فراہمی کا بھی جائزہ لیا۔

سکاسٹ

جموںو کشمیر مینزراعت اور اس سے منسلک شعبوں کو ترقی کی بلندیوں تک لی جانے کےلئے یوٹی اور مرکزی حکومت متعدد پروگرام چلا رہی ہے، جن میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔

اس ضمن میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار اس پروجیکٹ کو عملانے میں اہم رول ادا کر رہی ہے۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

----

veterans ڈے

ویلفیئر آفس کپواڑہ کی Sainik ڈے کے موقعے پر ضلع veterans کپواڑہ ضلعے میں دسویں Sainik جانب سے ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شریکانت سوسے نے ویلفیئر آفیسر ریٹائرڈ کرنل ایس ایس راجہ کی موجودگی میں کئی سابق فوجی افسران کو ملک کی حفاظت کے تئیں غیر معمولی خدمات کے لئے انہیں توصیفی اسناد اور اعزازات سے نوازا۔ انہوں نے سابق فوجیوں پر زور دیا کہ وہ ڈی سی آفس کمپلیکس کپواڑہ میں قائم سینٹر آف Excellence سے رجوع کر کے مرکز کی معاونت والی مختلف فلاحی سکیموں سے استفادہ کریں۔

انتقال

وادی کے ایک معروف صحافی نثار پیرزادہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے ہیں۔ انہیں آج اُن کے آبائی علاقہ ترال میں سپرد خاک کیا جائے گا ۔نثار پیرزادہ کے انتقال پر مختلف صحافتی ،سماجی ،ادبی اور سیاسی حلقوں نے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔ آکاشوانی سرینگر کے شعبہ خبر نے بھی نثار پیرزادہ کے انتقال پر اُن کے پسماندگان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اُن کی جنت نشینی کے لئے دعا کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5 اعشاریہ 2ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ